NYC Public Schools
Chancellor Kamar H. Samuels

10 ستمبر، 2026
عزیز اہلِ خانہ:

اسکول واپسی پر خوش آمدید! میں آپ کے ساتھ 2026–27 تعلیمی سال کا آغاز کرنے پر بہت پُرجوش ہوں۔

اسکول کا پہلا دن میرے سال کے پسندیدہ دنوں میں سے ایک ہے؛ یہ بہت سے مواقع اور نئے سفر کا آغاز لے کر آتا ہے۔ چاہے آپ کا بچہ پہلی بار فخر کے ساتھ اپنا بڑا سا بیگ اٹھائے کنڈرگارٹن کی کلاس میں جا رہا ہو، مڈل اسکول کا طالب علم اپنا نیا لاکر کھولنے کے نمبر آزما رہا ہو، یا ہائی اسکول سینیئر دوستوں کے ساتھ اسکول کے پہلے دن کی آخری تصاویر بنوا رہا ہو، مجھے امید ہے کہ آپ کا خاندان بھی اسی امید اور نئے امکانات محسوس کر رہا ہوگا۔

گزشتہ کئی برسوں کے دوران، ایک معلم اور والد سے کی حیثیت سے میں نے اسکول کے پہلے دن کے بہت سے تجربات کا سامنا کیا ہے۔ ان دونوں کرداروں میں، میں نے خود یہ محسوس کیا ہے کہ ہمارے خاندان ہر روز نیویارک شہر پبلک اسکولز پر کتنا اعتماد کرتے ہیں۔ ہم سب اپنے بچوں کے لیے ایک جیسی امیدیں رکھتے ہیں: کہ جب وہ اسکول میں داخل ہوں تو ان کو خوش آمدید کہا جائے، انہیں تعاون حاصل ہو، اور وہ سیکھنے کے لیے تیار ہوں۔ بطور چانسلر اپنے پہلے ''پہلے دن'' کے موقع پر، میرا عزم ہے کہ ہر اسکول میں ہر بچے کے لیے اس تجربے کو ایک حقیقت بناؤں۔

یہ عہدہ سنبھالنے کے بعد، مجھے نیویارک شہر کے پانچوں بروز میں سینکڑوں طلباء، خاندانوں، اساتذہ اور کمیونٹی کے ارکان کے خیالات سننے کا موقع ملا ہے۔ آپ سب کے ساتھ ہونے والی میری گفتگو نے آنے والے سال کے لیے میری ترجیحات طے کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے: محفوظ، اعلیٰ تعلیمی معیار کے حامل اور حقیقی معنوں میں مربوط اسکولز قائم کرنا۔ دوسرے الفاظ میں، ہم یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ ہر طالب علم اپنائیت محسوس کرے اور اسے ایک مضبوط اور ثقافتی حساسیت کو مدِنظر رکھنے والے تعلیمی ماحول میں اپنی بھرپور صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے درکار معاونت حاصل ہو۔

نئے تعلیمی سال کے آغاز پر، براہِ کرم یہ یقین رکھیں کہ ہم آپ کے سوالات کے جواب دینے اور آپ کو کسی بھی طرح کی درکار معاونت فراہم کرنے کے لیے یہاں موجود ہیں۔ آپ کے والدین رابطہ کار، پرنسپل، اساتذہ اور اسکول کا عملہ اس سفر کے ہر مرحلے پر آپ کی مدد کے لیے موجود ہیں۔ ہمارے اسکول تمام طلباء کا خیر مقدم کرتے ہیں، اور ہم چاہتے ہیں کہ ہر خاندان یہ محسوس کرے کہ وہ یہاں کا حصہ ہے۔

میں آپ اور آپ کے خاندان کے لیے سیکھنے اور ترقی سے بھرپور ایک شاندار تعلیمی سال کا متمنی ہوں۔ میں آپ سب کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہنے کا خواہش مند ہوں، اور مجھے اس تعلیمی سال میں مل کر حاصل کی جانے والی تمام کامیابیوں کا انتظار ہے۔

شراکت میں،

Kamar H. Samuels
چانسلر

T-40373 (Urdu)